www.KitaboSunnat.com

بھی شامل تھے۔ حتیٰ کہ آخر کار بالشویک پارٹی کے درجہ اول کے لیڈر بھی اس نسخہ نفرت کا شکار ہونے سے نہ بچ سکے۔" (حوالہ ماسبق)

دینِ اشتراکیت کے ایک عظیم دیوتا اسٹالین کی صاحبزادی سوتیلانز کی کتاب شہادت دیتی ہے کہ سٹالین کے تقریب تقریب سارے ہی سسرالی رشتے دار یا تو حکومت کے تشدد کا شکار ہوئے، یا حکومت ہی کے پیدا کردہ کرب ناک حالات کے زیرِ اثر موت کا لقمہ بن گئے۔ خود اسٹالین کے بیٹوں کا انجام بھی درسِ عبرت ہے۔

ڈاکٹر محمد انور ماچونیاں ضلع لاہور

معرکۂ حق و باطل

تم سے دنیا نے اخوت کا سبق سیکھا تھا
شرم کا، مہر و مروت کا سبق سیکھا تھا

تم نے انسانوں کو اک راہ نئی بخشی تھی
جامِ جم[1] بخش تھا اور دولتِ کَے[2] بخشی تھی

آج کیوں تم کو وہ ایامِ وفا یاد نہیں،
وہ بزرگوں کا چلن، حکمِ خدا یاد نہیں

تم کہ صحراؤں کے دل چیر کے رکھ دیتے تھے
تم کہ دریاؤں کے دل چیر کے رکھ دیتے تھے

قوتِ دین کی ضربت سے چٹانیں توڑ دو
تیر بیکار کرو اور کمانیں توڑ دو

ہاں کبھی چہرۂ تاریخ کا غازہ تم تھے
دلِ کونین میں اک ولولۂ تازہ تم تھے

کون کہتا ہے کہ میدان میں ہارے تم ہو
کون کہتا ہے کہ تقدیر کے مارے تم ہو

وہم ہے، غلبۂ باطل بھی کبھی ہوتا ہے؟
غیرِ حق، فتح کے قابل بھی کبھی ہوتا ہے؟

عمر فاروق رضؓ بنو، حیدرِ کرار بنو!
گردنِ کفر پہ اللہ کی تلوار بنو

غم و اندوہ کے اس عہدِ دوامی سے کیا
کس نے انسان کو آزاد غلامی سے کیا

درسِ توحید زمانے کو دیا تھا کس نے
کجکلاہوں کو خبردار کیا تھا کس نے

سایۂ کفر میں خورسند ہوئے جاتے ہو
تم کہ ذلت پہ رضامند ہوئے جاتے ہو

[1] جمشید [2] کیخسرو

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ